نام: ________________ رول نمبر: ________________ سیکشن: ________________

اردو **اطلاقی گرامر: متضاد الفاظ** **جماعت: دوم**

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ ایسے الفاظ جن کے معانی ایک دوسرے کے الٹ ہوں

متضاد الفاظ کہلاتے ہیں۔ مثلاً دن رات، امیر غریب اور چھوٹا بڑا وغیرہ

الفاظ	متضاد	الفاظ	متضاد
آزادی	غلامی	نیکی	بدی
جنت	دوزخ	خوشی	غم
اچھائی	برائی	آہستہ	تیز
دھوپ	چھاؤں	نرم	سخت
بیمار	تن درست	سوال	جواب
انسان	حیوان	صفائی	گندگی
دوست	دشمن	خاموشی	شور
ہارنا	جیتنا	گرم	ٹھنڈا

1۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ کے درست متضاد چنتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔

آزادی ، صفائی ، چھاؤں ، جنت ، انسان

- اللہ تعالیٰ نے ____________ کو عقل عطا کی ہے۔ (حیوان)
- ____________ بہت بڑی نعمت ہے۔ (غلامی)
- میری بہن ____________ کا بہت خیال رکھتی ہے۔ (گندگی)
- مسافر درخت کی ____________ میں آرام کر رہے تھے۔ (دھوپ)
- سیدھا راستہ ہی ہمیں ____________ میں لے جا سکتا ہے۔ (دوزخ)

LIVEWORKSHEETS

نام: ________________ رول نمبر: ________________ سیکشن: ________________

2۔ درج ذیل جملے پڑھ کر خط کشیدہ الفاظ کے درست متضاد منتخب کیجیے۔

i. عثمان دوست ________ سب سے اچھا سلوک کرتا ہے۔ (ساتھی ، دشمن)

ii. آمنہ نے گرم چائے اور ہم نے ________ پانی پیا۔ (ٹھنڈی ، ٹھنڈا)

iii. احمد مقابلہ جیت گیا جب کہ علی ________ گیا۔ (ہارنا ، ہار)

iv. اچھے علاج کے بعد بیمار ________ ہو گیا۔ (تن درست ، کمزور)

v. بچوں نے سوالات کے درست ________ دیے۔ (جواب ، جوابات)

vi. احمد نے برائی کا جواب ________ سے دیا۔ (اچھائی ، خرابی)

3۔ کالم ملائیے۔

کالم ا		کالم ب
نیکی		تیز
آہستہ		بدی
خوشی		سخت
نرم		غم

LIVEWORKSHEETS